لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۴۴ھ مطابق ۵ اپریل ۱۹۲۶ء	نمبر ۱۴

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ مارچ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربار با تجربہ ۔ اضافہ در تنخواہ فدا علی خان رسالدار میجر سواران پولیس از ۵ فروری ۱۹۲۶ء ۔ دو روپیہ اضافہ در تنخواہ حسن رضا خان رسالدار سواران پولیس از یکم فروری ۱۹۲۶ء حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بوجہ ختم مدت دو سال ۔

فہرست مضامین

حکم

بموجب اسکیم منظور شدہ رسالدار میجر فدا علی خان کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اور حسن رضا خان رسالدار کی تنخواہ مین دو روپیہ اضافہ منظور ہے کاغذات بغرض اجرا، احکام صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

بشارہ حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہون بعد اجرائے احکام اصل کاغذ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہون۔
۲۲ مر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء
دستخط صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ مر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت بوجوہ مندرجہ رپورٹ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ شرح کرایہ شکرم تانگہ وغیرہ آیندہ سے بتفصیل مندرجہ تحت منظور ہے۔

نام	اول گھنٹہ	دوسرے گھنٹہ اور بعد کے	پورا دن
شکرم ۲ اسپہ	ایک روپیہ	فی گھنٹہ آٹھ آنہ	چار روپیہ آٹھ آنہ
تانگہ بریلی کاٹ ربڑ ٹائر	چودہ آنہ فی گھنٹہ	فی گھنٹہ سات آنہ	چار روپیہ
تانگہ بالن ٹائر	بارہ آنہ	〃 چھ آنہ	تین روپیہ دو آنہ
یکہ	چار آنہ	〃 دو آنہ	ایک روپیہ
تانگہ رتھ نما	چھ آنہ	〃 تین آنہ	ایک روپیہ بارہ آنہ

کاغذات بغرض کارروائی صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کے پاس مرسل ہون۔
دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

اصل کاغذات بغرض عملدرآمد وتعمیل ضابطہ میونسپل افسر کی خدمت مین مرسل ہون۔ اور نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری مین بھیجی جائے۔
صدر کو بغرض تعمیل مرسل ہو۔ ۲۳ مر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء
دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۲ مر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارۂ اضافہ تنخواہ مولوی فضل حق صاحب پرنسپل مدرسہ عالیہ بلحاظ قابلیت وکمی تنخواہ بقدر مبلغ صہ

حکم

مولوی فضل حق پرنسپل مدرسہ عالیہ کی تنخواہ مین پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اصل اسناد واپس کردے جائین۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ مر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارۂ اضافہ پچیس روپیہ ماہوار در تنخواہ مولوی سید محمد داؤد صاحب پروفیسر شاخ عربی مدرسہ عالیہ مشاہرہ دار یکصد روپیہ

حکم

مولوی سید محمد داؤد پروفیسر شاخ عربی مدرسہ عالیہ کی تنخواہ مین پچیس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ مر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارۂ اضافہ در تنخواہ مبارک علی خان منصرم باورچیخانہ ہندوستانی مشاہرہ دار تیس روپیہ بوجہ ملازمت دیرینہ وحسن انجام خدمات متعلقہ

حکم

مبارک علی خان منصرم باورچیخانہ ہندوستانی کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر

موسومہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

جناب من ۔ منشی محمد شیر زمان خان صاحب پنشن کی درخواست بنگاہ عالی دام اقبالہم و علمہم مین پیش ہوی تھی اُنکے پسر محمد زمان خان کو ازرہ تفضل زیری طور پر انکی اعانت مین بیانات گواہان لکھنے کا کام کرنیکی اجازت فرمائی گئی بلکہ ارشاد عالی ہوا کہ محمد زمان خان کو تا ندانہ توسل نائب تحصیلداری کی جگہ دیدی جائے۔ براہ مہربانی حسب منشاء حکم کارروائی فرمائی جائے پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

نیازمند

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بنشاء حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون ۔ حضور تحصیل مین تعیناتی رہے ۔ ۲۳ ۔ مارچ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۸ اپریل ۱۹۲۶ء

۲۵ رفروری ۱۹۲۵ء کو اجلاس ہمایون سے یہ حکم صادر فرمایا گیا تھا کہ ملک معافی باغ قاضی والے پر قبضہ و دخل و اخراج صابر علی خان و محمد احمد خان پسران یوسف خان کا کرادیا جائے اور مبلغ للعہ ۱۳/۹ جو خزانہ مین امانت ہین اُنمین سے حسب ضرورت بمنظوری ماہد ولت بغرض اقبال صابر علیخان و محمد احمد خان پسران یوسف خان کو دلواتے رہین۔ دس سال کے اندر ملک معافی مذکورہ کو نابردگان فروخت نہ کر سکینگے چنانچہ بحکم اجلاس ہمایون مرقومہ ۲۱ مارچ ۱۹۲۵ء مبلغ ۱۳/۹ نابردگان کو برائے خرید مکان رہائش دے دیے گئے ۔ اُسکے بعد للعہ جو امانت رہگئے وہ بحکم اجلاس ہمایون صادرہ ۱۱ رجنوری ۱۹۲۶ء و ۱۹ رجنوری ۱۹۲۶ء بغرض خرید باغچہ نارنگی و مصارف شادی بصراحت ذیل دیے گئے ۔

قیمت خرید باغچہ نیاز بہادرخان — قیمت مکان صاحب وزیر — تحریر

عہ — سے — الـ

فیس رجسٹری و اجرت — نقد حوالہ صابر علی خان و محمد احمد خان — نقد حوالہ صابر علی خان و محمد احمد خان

[illegible] — [illegible] — [illegible]

اب کوئی حساب یا رقم صابر علی خان و محمد احمد خان کا خزانہ مین امانت نہین ہے لیکن ملک معافی باغ قاضی والا اور باغچہ نارنگی نیاز بہادر خان کے متعلق اجلاس ہمایون سے حکم صادر ہوچکا ہے ۔ کہ دس سال کے اندر بلا حصول اجازت از اجلاس ہمایون نابردگان کسی طرح منتقل نہین کرسکتے ہین جیساکہ حکم ۲۵ رفروری ۱۹۲۵ء و ۱۹ ۔ جنوری ۱۹۲۶ء سے واضح ہے ۔ لہذا ذریعہ نقل حکم ہذا باندراج گزٹ اعلان و اطلاع عام کی غرض سے امتناع انتقال کو شائع کیا جانا ضروری ہے ۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا شامل کاغذات رہے ۔ نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو ۔ بعد اجرائے نقل یہ کاغذات ذریعہ رپورٹ پیش کیجائین ۔ تاکہ اجلاس ہمایون مین ذریعہ عرضداشت ابلاغ ہون ۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۰ مارچ ۱۹۲۶ء

ترتیب کاغذات مسلسل اور فہرست پیشی مکمل ہوکر آنیکی بابت احکام جاری ہوچکے ہین ۔ لیکن اکثر دیکھا جاتا ہے کہ پابندی اُسکی نہین کیجاتی اور تحصیلات سے اور صیغہ جات ماتحت سے باوجود ہدایت و تاکید غیر مرتب کاغذات وصول ہوتے ہین ۔ نیز صیغہ جات ماتحت سے دیگر مقامات کے غیر مرتبہ کاغذات کو اجلاس ہذا سے مرتب کرائے جانیکی بحث بے محل ہی کیجاتی ہے ۔ ترتیب کے ذمہ دار جس صیغہ سے کاغذات بھیجے گئے ہین وہ یا اہلمدان صدر ہین اجلاس ہذا سے ترتیب کا سوال بے محل ہے البتہ اگر کوئی نیا کاغذ اجلاس ہذا سے تبدیل ہوگا تو اُسکو اہلکاران اجلاس ہذا درج فہرست کرینگے یا عرائض جو اجلاس ہذا مین ابتدائی گزرینگی اُنکو درج فہرست کرکے روانہ کرینگے دیگر محکمہ جات یا تحصیلات سے اگر کوئی کاغذ غیر ترتیب موصول اجلاس ہوگا اور ترتیب فہرست کی اُسمین ضرورت ہوگی تو اہلمدان متعلقہ صدر سے اُسکی ترتیب کرائی جائیگی ۔ حاکم صاحب صدر و صاحب اسسٹنٹ و صاحب بندوبست و صیغہ پولیس و افسر صاحب نو آبادی و سررشتہ دار صاحب صدر تحصیلداران وغیرہ تمام اہلکاران متعلق کی اطلاعیابی لکھا گیا کہ برائے آیندہ کافی ہدایت برائے تعمیل مصرحہ بالا کردین ۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔ ایک ایک نقل جملہ صیغہ ہائے معرحہ بالا مین تعمیلاً بھیجی جائے۔ ایک نقل فائل بک مین چسپان کیجائے۔ افسران و حکام صیغہ ہائے معرحۂ بالا خود بھی نگرانی رکھین۔ فہرست مین کا غذات کا اندراج کیا تا ہی یا نہین۔ ورنہ علاوہ اہلکاران متعلق کے افسران و حکام سے بھی باز پرس ہوگا۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

سید غلام نقی نائب تحصیلدار بلاسپور سے تحصیل سوار تبدیل ہون۔ اور منشی لطیف الزمان نائب تحصیلدار سوار سے تحصیل بلاسپور تبدیل ہون۔ قاضی منظر قیوم نائب تحصیلدار شاہ آباد سے تحصیل ٹانڈہ تبدیل ہون۔ اور منشی تربہون ناتھ نائب تحصیلدار ٹانڈہ سے تحصیل شاہ آباد تبدیل ہون۔ بحالت تبادلہ تحصیلداران اپنی اپنی تنخواہ پائینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع یکم اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رائے صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس منظور کیا جاتا ہی کہ تبادلہ سب انسپکٹر بتفصیل ذیل کیا جائے۔

امجد علی خان سب انسپکٹر کیمری سے تہانہ بلاسپور انچارجی پر۔
احمد حسین خان سب انسپکٹر بلاسپور سے تہانہ عظیم نگر انچارجی پر۔
محی الدین خان سب انسپکٹر عظیم نگر سے کیمری بکار انچارجی۔

تنخواہ اپنی اپنی پائینگے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علیحدگی مختار عام

۳۰ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر در بارہ تصدیق درخواست کپتان سید محمد نبی بابت موقوفی از کار مختار عامی سید احمد نبی

حکم

چونکہ کپتان سید محمد نبی نے سید احمد نبی ولد سید موتی میان اپنے مختار عام کو مختارکاری سے علیحدہ کر دیا ہی۔ لہذا درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل اسکی عدالت ججی کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر واقع ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

یادداشت ممبران بورڈ آف آڈٹ

حسابات جو سررشتۂ آڈٹ مین بغرض جانچ موصول ہوتے ہین انکی رسیدات وغیرہ پر نشان انگشت واضح طور پر نہین ہوتے مثل ٹپے کے ثبت کئے جاتے ہین یہ صورت خلاف قاعدہ ہی۔ لہذا بذریعہ یادداشت ہذا اجلاس جناب فائنینشل سکریٹری صاحب بہادر مین گزارش ہو کہ بعد صدور حکم و بادراج گزٹ جملہ کارخانہ جات و محکمہ جات مین اطلاع فرمادی جائے۔ کہ نشان انگشت جس کسی حساب یا رسید وغیرہ پر لیا جایا کرے۔ وہ ایسا صاف ہو کہ جس سے انگشت کے نشانات بخوبی سمجھ مین آسکین اور ہر نام اس شخص کا تحریر ہوا کرے جکا نشان انگشت ہو۔

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط ممبران بورڈ آف آڈٹ۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۹ مارچ لغایت ۴ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		ر؍ر۴		ر؍ر۵	ر؍۶	ر؍۰۶	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		ر؍۱۰		ر؍۸	ر؍۸	ر؍۰۸	
نخود کستہ آمیز		ر؍۱۱		ر؍۹	ر؍۹	ر؍۹	
ت		۰		ر؍۰۹	ر؍۱۰	ر؍۰۱۰	
ماش		ر؍۰۵		۰	۰	ر؍۵	
مونگ		ر؍۵		۰	۰	ر؍۵	
مکا		۰		ر؍۰۷	ر؍۰۷	ر؍۷	
جئی		۰		ر؍۸	۰	ر؍۱۲	
گوجئی		۰		ر؍۸	۰	ر؍۹	
عدس		ر؍۷		ر؍۸	۰	ر؍۸	
ارہر		ر؍۸		۰	۰	ر؍۱۰	
برنج	۰	ر؍۰۳و۳		ر؍۵	ر؍۵	ر؍۵	
روغن زرد		ر؍۰		ر؍ر۰	ر؍۰	۳ ر؍ر	
روغن سیاہ		ر؍۰۱		ر؍۰۱	ر؍ر۲	ر؍۰۱	
روغن کنجد		ر؍۱		؍۱	ر؍۱	ر؍۱	
نمک سانبھر		ر؍۱۰		ر؍۱۲	ر؍۱۲	ر؍۱۲	
نمک لاہوری		ر؍۸		ر؍۵	[illegible]	ر؍۸	
قند سیاہ		ر؍۳		ر؍۵	ر؍۰۳	۰	
باجرہ				۰	۰	ر؍۹	